HESCO

حیسکو پریس رلیز مورخہ 29ستمبر 2020

نزہت پٹھان ممبر قومی اسمبلی کی حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد یعقوب سے حیسکو کانفرنس ہال حیدرآباد میں ترقیاتی کاموں کے حوالے سے میٹنگ ۔ محرم الحرام میں بجلی کی بہتر فراہمی کو سراہا۔کسٹمر سروس سینٹر کو بہتر کریں چیک اینڈ بیلنس مزید سخت کریں تا کہ عوامی شکایات فوری حل ہوسکیں۔ہم خود بھی لوگوں سے بجلی کے بل ادا کرنے کیلئے کہینگے ۔نزہت پٹھان ممبر قومی اسمبلی

تمام حیسکو صارفین کی بجلی سے متعلق شکایت کے فوری حل کیلئے کسٹمر سروس سینٹر کو مزید فعال کیا جائے گا۔خراب ٹرانسفارمر کو فوری تبدیل یا درست کرانے کیلئے عملی اقدامات کیئے جائینگے۔حیسکو چیف محمد یعقوب

☆حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو کانفرنس ہال حیدرآباد میں میڈم نزہت پٹھان ممبر قومی اسمبلی نے حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد یعقوب سے ترقیاتی کاموں کے حوالے سے میٹنگ کی گئی جس میں محرم الحرام میں بجلی کی بہتر فراہمی کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ محرم الحرام میں کیئے گئے انتظامات تعریف کے لائق ہیں میرے حلقے میں مجالس کی جگہوں اور عزاداران سید الشہداء کے جلوسوں کی گذرگاہوں میں چراغاں کرنے کیلئے اضافی ٹرانسفارمر ٹرالیاں لگائی گئیں ،جس سے اعزاداروں کو بجلی سے متعلق کوئی شکایت نہیں ہوئی۔جس پر ہم آپ کے شکر گذار ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ کسٹمر سروس سینٹر کو بہتر کریں چیک اینڈ بیلنس مزید سخت کریں تا کہ عوامی شکایات حل ہوسکیں۔ہم خود بھی لوگوں سے بجلی کے بل ادا کرنے کیلئے کہینگے ۔اس موقع پر حیسکو چیف نے انہیں یقین دہانی کرائی کے تمام حیسکو صارفین کی بجلی سے متعلق شکایت کے فوری حل کیلئے کسٹمر سروس سینٹر کو مزید فعال کیا جائے گا ۔خراب ٹرانسفارمر کو فوری تبدیل یا درست کرانے کیلئے عملی اقدامات کیئے جائینگے ۔میٹنگ میں حیسکو چیف کے علاوہ SE حیدرآباد منظور حسین سومرو، چیف ٹیکنیکل آفیسر زاہد پرویز مغل ، چیف آپریٹنگ آفیسر ظہیر الدین شیخ، XEN پھلیلی منیر احمد سومرو، XEN قاسم آباد گلزار احمد دستی، ڈپٹی ڈائریکٹر سرکل لاڑ اور PSO محمد صادق کبر موجود تھے۔

CHIEF EXECUTIVE

HESCO